SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

December 5, 2021

## انشورنس پراڈکٹ کی ڈیجیٹل انٹی گریشن کے لئے سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی اور انشورنس ایسوسی ایئشن کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط

کراچی، دسمبر 5: پاکستان میں انشورنس کی سہولت تک رسائی کو سہل و آسان بنانے اور انشورنس کی مختلف پراڈکٹس کی آن لائن دستیابی و فراہمی کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی رہنمائی میں انشورنس ایسوسی ایئشن آف پاکستان اور سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے گئے۔

مفاہمتی یاداشت کے تحت انشورنس کمپنیوں کی مختلف پراڈکٹ، سی ڈی سی کے تیار کردہ مالیاتی خدمات کی آن لائن ڈسٹری بیوشن کے پلیٹ فارم 'املاک فنانشل' کے ساتھ ڈیجیٹل انٹی گریشن کی جائے گی تاکہ صارفین کو انشورنس کی مختلف خدمات و پراڈکٹس ایک ہی ڈیجیٹلپلیٹ فارم پر کم قیمت پر دستیاب ہوں اور صارفین مختلف پراڈکٹ کا موازنہ بھی کر سکیں گے۔ مفاہمتی یاداشت پر دستخطوں کی تقریب سی ڈی سی ہاوس میں منعقد ہوئی۔ ایس ای سی پی کی کمشنر انشورنس سادیہ خان مہمان خصوصی تھیں۔

اس موقع پر ایس ای سی پی کی کمشنر سادیہ خان نے امید ظاہر کی کہ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن کا یہ پلیٹ فارم 'املاک فنانشل' ملک میں مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور انشورنس کے تمام شعبے بشمول انشورنس کی قیمت، مارکیٹنگ اور ڈسٹری بیوشن اور، کلیم پراسیسنگ اور کسٹمر سروس کو مکمل طور پر جدید بنیادوں پر استوار کر سکتا ہے۔

اس موقع پر سی ڈی سی کے چیف ایگزیکٹو بدی الدین اکبر نے کہا کہ مالیاتی پراڈکٹ کی آن لائن ڈسٹری بیوشن کا پلیٹ فارم 'املاک فنانشل' قومی اہمیت کا ایک اہم اور تاریخی اقدام ہے جو کہ پاکستان میں مالیاتی پراڈکٹ کی ڈیجیٹل سپر مارکیٹ ہے۔ یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم ملک میں مالیاتی شمولیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انشورنس ایسوی ایئشن کے چیئرمین اضفر ارشد نے انشورنس انڈسٹری کے فروغ اور انشورنس کی سہولت تک رسائی کو سہل و آسان بنانے کے لئے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005